# بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن، گوجرانوالہ

## پریس ریلیز نمبر 32/25

جملہ متعلقین کو مطلع کیا جاتا ہے کہ بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن، گوجرانوالہ نے امتحان میٹرک فرسٹ اینول 2025ء کے غیر جانبدار، مستند اور اغلاط سے پاک نتائج کی اشاعت مورخہ 24-07-2025 کو کر دی ہے۔ پرائیویٹ امیدواران کے رزلٹ کارڈ داخلہ فارم پر دیئے گئے گھریلو پتہ جات پر ارسال کیے جا رہے ہیں۔ ریگولر امیدواران کے ادارہ جات اپنے الاٹ شدہ Username/Password سے اپنے ادارہ کے رزلٹ کارڈ ڈاؤن لوڈ کریں جس پر سربراہ ادارہ اپنے دستخط و مہر ثبت کر کے متعلقہ طالب علموں کو وصول کروائیں۔ تاہم کامیاب ہونے والے ریگولر امیدواران کے مفاد کے پیش نظر ان کے رزلٹ کارڈز بھی امسال بورڈ کی طرف سے بذریعہ ڈاک ادارہ سربراہان کو ترسیل کیے جا رہے ہیں جو کہ امیدواران تک پہنچانا سربراہ ادارہ کی ذمہ داری ہوگی۔ ایسے امیدواران جنہوں نے اعتراضاتی مراسلہ جات کا جواب نہیں دیا وہ اعتراض کلیئر کروا کر اپنے رزلٹ کارڈ دفتر سے حاصل کریں۔ نیز ایسے امیدواران جن کے ذمہ فیس کے بقایا جات ہیں ان کے رزلٹ کارڈز روک لئے گئے ہیں۔ وہ اپنے بقایا جات جلد از جلد بورڈ کے کھاتہ میں جمع کروا کر اپنے رزلٹ کارڈ حاصل کریں۔ مزید یہ کہ ایسے امیدواران جنہوں نے مارکس امپروو (Marks Improve) کئے ہیں ان کے رزلٹ کارڈ دفتر ہذا میں روک لئے گئے ہیں تاکہ وہ اپنے سابقہ رزلٹ کارڈز کو جمع کروا کر نئے رزلٹ کارڈز حاصل کر سکیں۔

**امتحان میٹرک (2nd Annual) 2025ء کے داخلہ فارم جمع کروانے کا شیڈول درج ذیل ہے۔**

| | |
|---|---|
| **Date of Commencement of Matric (2nd Annual) Examination, 2025** | **10-09-2025** |
| Last date of receipt of admission forms with **Single Fee** | **25-07-2025 To 07-08-2025** |
| Last date of receipt of admission forms with **Double Fee** | **08-08-2025 To 11-08-2025** |
| Last date of receipt of admission forms with **Triple Fee** | **12-08-2025 To 15-08-2025** |

دستخط۔

**سید نوید حیدر شیرازی**

کمشنر گوجرانوالہ ڈویژن / چیئرمین گوجرانوالہ بورڈ

**کاپی برائے اطلاع**

1- جناب ڈائریکٹر تعلقات عامہ گوجرانوالہ ریجن، گوجرانوالہ
2- سسٹم اینالسٹ (برائے ویب سائٹ) (02 کاپی)
3- داخلی تقسیم

**اسسٹنٹ سیکرٹری (اکیڈمک)**

مورخہ 25-07-2025

Scanned with CamScanner